# COVID.19 کے بعد، ازسرِنو تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز

## آرمی پبلک اسکول و کالج آرگنائزیشن کے انتظامی احکامات

الحمدللہ، کورونا وائرس کا پھیلاؤ بہت حد تک کم ہوگیا ہے۔ تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز ۱۵ ستمبر سے مرحلہ وار کیا جا رہا ہے۔
تعلیمی اداروں کو دوبارہ فعال بنانے کے لیے ۷ اگست ۲۰۲۰ء کو حکومت کی جانب سے ایک جامع منصوبہ ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کی روشنی میں آرمی پبلک اسکول و کالج، آرڈننس روڈ کی جانب سے درج ذیل اقدامات کیے گئے ہیں:۔

### اسکول کھلنے سے پہلے کیے جانے والے اقدام:

۱۔ اسکول کی جانب سے ایک کمیٹی (REOPENING and RESPONSE COMMITTEE) تشکیل دی گئی ہے۔

۲۔ یہ کمیٹی انتظامیہ اور دیگر عملے کو COVID.19 کے باعث درپیش صورتِ حال سے متعلق معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ہر قسم کے حالات سے نمٹنے کے لیے بھی تیار کرے گی۔

۳۔ اسکول کی عمارت کو جراثیم کش ادویات کے سپرے سے محفوظ بنالیا گیا ہے، تاکہ طلباء کو صاف اور جراثیم سے پاک ماحول میسر ہو۔

۴۔ پینے کا صاف پانی، صاف ستھرے واش روم اور نکاسیء آب کے موزوں انتظامات کو یقینی بنالیا گیا ہے۔

۵۔ WHO کی جانب سے تجویز کردہ ''ہینڈ سینیٹائزز'' کلاس رومز، واش رومز اور کوریڈورز میں نصب کردیے گئے ہیں۔ کلاسوں میں اور مختلف مقامات پر پاؤں کی مدد سے کھلنے والے کوڑادان رکھ دیے گئے ہیں۔

۶۔ طلبا کے زیرِ استعمال تمام فرنیچر، واش روم اور کمروں کو روزانہ کی بنیاد پر جراثیم سے محفوظ بنایا جائے گا۔

۷۔ COVID.19 سے تحفظ کے لیے مجوزہ ہدایات عمارت میں اور تمام کلاسوں میں چارٹ کی صورت میں نمایاں طور پر لگادی گئی ہیں۔

۸۔ کمرہء جماعت میں طلباء کو ۳۔۳ فٹ کے فاصلے پر بٹھایا جائے گا۔ ایک وقت میں طلباء کی نصف تعداد کو بلایا جائے گا اور بقیہ تعداد اگلے روز حاضر ہوگی۔ (حاضری کا پلان علیحدہ سے دیا جائے گا)

۹۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ واش رومز میں طلباء کی زیادہ تعداد جمع نہ ہو۔

۱۰۔ اسکول کینٹین بند رہے گی۔ طلباء اپنا لنچ، پینے کا پانی ہمراہ لائیں گے۔

۱۱۔ طلباء اپنے پاس ٹشو پیپر اور اضافی ماسک بھی رکھیں گے۔

### اسکول کھلنے کے بعد کیے جانے والے اقدام:

۱۔ داخلی دروازوں پر ہر ونگ کے ایک ٹیچر اور پی۔ ٹی۔ آئی پر مشتمل مانیٹرنگ ٹیم موجود ہوگی جو صبح اور چھٹی کے وقت طلباء کی نگرانی کریں گے، تاکہ ایس۔ او۔ پیز کی خلاف ورزی نہ ہو۔

۲۔ طلباء عمارت کے فرش پر لگائے گئے نشانات پر چلتے ہوئے اسکول میں داخل ہوں گے۔ اس کا مقصد سماجی فاصلہ برقرار رکھنا ہے۔

۳۔ فیس ماسک کے بغیر کوئی طالبِ علم اسکول میں داخل نہیں ہوگا۔

۴۔ پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کی صورت میں والدین کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ بچوں کے لیے ماسک اور سینیٹائزر کا استعمال یقینی بنائیں گے۔

۵۔ طلباء کا درجہ حرارت روزانہ صبح گیٹ پر مانیٹر کیا جائے گا۔ 37.50 سے زیادہ ہونے کی صورت میں طلباء کو ''آئسولیٹ'' کر دیا جائے گا۔

۶۔ بخار کی صورت میں ریسیپشن پر بنائے گئے کمرے میں طالب علم کو علیحدہ رکھا جائے گا اور والدین کو مطلع کیا جائے گا کہ وہ بچے کو واپس لے جائیں۔

۷۔ اسکول میں آمدورفت کے لیے الگ الگ گیٹ اور راستے مقرر کیے گئے ہیں، طلباء انہی کے مطابق براہِ راست اپنی کلاسوں میں جائیں گے۔

۸۔ طلباء کو اس بات کی عادت ڈالی جائے گی کہ وہ بلاضرورت دروازوں، ریلنگ یا دیواروں کو مت چھوئیں، اور ایسی کسی بھی جگہ کو چھونے کی صورت میں ہاتھوں کو صابن سے یا سینیٹائزر سے ڈِس انفیکٹ کیا جائے گا۔ اساتذہ یہ بات طلباء کو باربار بتاتے رہیں گے۔

۹۔ طلباء آپس میں کھانے پینے کی اشیاء کا تبادلہ ہرگز نہیں کریں گے۔ اسی طرح سے سٹیشنری (پین، پنسل، سکیل، ریزر، شارپنر) کی کوئی بھی چیز کسی سے نہیں لیں گے۔ والدین طلباء کو یہ تمام چیزیں بہت ذمہ داری سے دے کر بھیجیں گے۔

۱۰۔ طلباء کو اسکول لانے لیجانے کے لیے گھر کا صرف ایک فرد آسکے گا، اور چھٹی کے بعد وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ

ہو اور بچوں کو زیادہ دیر تک باہر نہ رکنا پڑے۔

۱۱۔ ہر طالبِ علم کے لیے اپنے نام اور کلاس کا ٹیگ پہننا لازمی ہوگا تا کہ انہیں آسانی کے ساتھ شناخت کیا جا سکے۔

۱۲۔ موجودہ صورتِ حال کے پیشِ نظر ''سک رومز'' کو از سرِ نو منظم کیا گیا ہے۔ اور فرسٹ ایڈ کے طور پر استعمال ہونے والی اشیاء بھی رکھی گئی ہیں۔ جیسے کہ فیس ماسک، آکسی میٹر وغیرہ۔

۱۳۔ سک روم میں تربیت یافتہ سٹاف موجود ہوگا، اور کسی بھی طالبِ علم یا عملے کے کسی فرد میں علامات ظاہر ہونے کی صورت میں اسکے پاس PPE، KN 95 وغیرہ موجود ہوں گے۔

۱۴۔ والدین سے گزارش ہے کہ وہ بچوں کی قوتِ مدافعت کو بڑھانے کے لیے ان کی نیند اور کھانے پینے کی عادات پر نظر رکھیں۔

۱۵۔ اگر آپ کے بچے کی طبیعت ٹھیک نہ ہو یا اس میں کسی بھی قسم کی علامات ظاہر ہوں (جیسے کھانسی، بخار، تھکن) تو اسے اسکول بھیجنے سے گریز کریں۔

شکریہ!

کلاسوں کے لیے انٹری پوائنٹس

| گیٹ نمبر | کلاسز |
|---|---|
| پری سکول | |
| گیٹ نمبر1 | پی جی، کے جی اور پریپ |
| جونیئر سکول | |
| گیٹ نمبر1 | کلاس 1,2,3 |
| مڈل ونگ | |
| گیٹ نمبر1 | کلاس 4, 7, 8 |
| انٹری پوئنٹ3 | کلاس 5 اور 6 |
| سینئر ونگ | |
| گیٹ نمبر2 | کلاس 9, 10, 11 اور 12 |

تمام طلبا کو سکول میں بحفاظت واپسی کی دعا ہے